میں نے ابوبکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم کے ساتھ نماز پڑھی، تو میں نے ان میں سے کسی کو بھی "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" پڑھتے ہوئے نہیں سنا

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما نماز "الحمد للہ رب العالمین" سے شروع کرتے تھے اور ایک روایت میں ہے: میں نے ابوبکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم کے ساتھ نماز پڑھی، تو میں نے ان میں سے کسی کو بھی "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" پڑھتے ہوئے نہیں سنا اور مسلم کی روایت میں ہے: میں نے نبی ﷺ، ابوبکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم کے پیچھے نماز پڑھی ہے، وہ نماز "الحمد للہ رب العالمین" سے شروع کرتے تھے اور "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کا ذکر نے شروع قراءت میں اور نے آخر میں کرتے تھے

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے] - متفق علیہ]

انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ انھوں نے، نبی ﷺ کے ساتھ لمبی صحبت و وابستگی اور خلفاء راشدین کی ہم نشینی کے باوجود، کبھی ان میں سے کسی کو نماز میں "بسم الله الرحمن الرحيم" پڑھتے نہیں سنا؛ نہ ہی شروع قراءت میں اور نہ ہی آخر میں وہ نماز "الحمد لله رب العالمين" سے شروع کرتے تھے بسم اللہ کو جہراً پڑھنے کی مشروعیت کے حکم میں علماء کا اختلاف ہے اس سلسلے میں کئی ایک اقوال وارد ہیں اور ان میں صحیح قول یہی ہے کہ نمازی نماز کی ہر رکعت میں فاتحہ سے پہلے بسم اللہ سراً پڑھے گا؛ نماز خواہ سری ہو یا جہری

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3327